فوری ریلیز کے لیے: 18/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

محفوظ تر گلیاں: گورنر HOCHUL اور پولیس کمشنر TISCH کی جانب سے پورے نیو یارک سٹی میں پبلک ہاؤسنگ ڈیولپمنٹس میں ہونے والے جرائم میں ریکارڈ کمی پر روشنی ڈالی گئی

2026 کے پہلے 7 ماہ کے دوران، NYPD نے پبلک ہاؤسنگ میں قتل، فائرنگ کے واقعات، فائرنگ سے متاثرہ افراد اور ڈکیتیوں کی ریکارڈ شدہ تاریخ میں سب سے کم تعداد رپورٹ کی

گورنر Hochul کی جانب سے گزشتہ 18 ماہ کے دوران NYPD کے وسائل کو بہتر بنانے کے لیے $150 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری نیز مزید فنڈنگ کا عزم کیا گیا

گورنر نے ریاست بھر میں تحفظِ عامہ کے اقدامات کے لیے تقریباً $4 بلین کی سرمایہ کاری کی اور مقامی و ریاستی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تاریخی سطح کی معاونت فراہم کی ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور NYPD کی کمشنر Jessica Tisch (جیسیکا ٹِش) نے آج جرائم کے خلاف اپنی مضبوط شراکت داری پر اظہارِ فخرمندی کیا اور پبلک ہاؤسنگ ڈیولپمنٹس اور نیو یارک سٹی بھر میں NYPD کی جانب سے جرائم میں ریکارڈ کمی پر روشنی ڈالی۔ اس سال، گورنر Hochul (ہوکل) نے NYPD کے وسائل کو بہتر بنانے کے لیے $77 ملین کی اضافی فنڈنگ کے عزم کا اعلان کیا ہے، جو مالی سال 2026 میں پہلے ہی فراہم کی گئی $77 ملین کی ریاستی فنڈنگ کے سلسلے میں مزید اضافہ ہے، یوں 2025 سے اب تک NYPD کے وسائل کے لیے کی گئی سرمایہ کاری اور فراہم کرنے کے عزم کی مجموعی رقم $150 ملین سے تجاوز کر گئی ہے۔ گورنر کی سرمایہ کاریاں اور شہر و ریاست کی جرائم کے خلاف شراکت داری نیو یارک سٹی بھر کی پبلک ہاؤسنگ ڈیولپمنٹس میں مسلسل نتائج دے رہی ہیں – اور سال کے پہلے سات ماہ کے دوران قتل، فائرنگ کے واقعات، فائرنگ سے متاثرہ افراد اور ڈکیتیوں کی سب سے کم تعداد کا ریکارڈ قائم ہوا ہے۔

"جب میں گورنر بنی تو میں نے تحفظِ عامہ کو اپنی اولین ترجیح بنایا۔ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران، میں نے تحفظِ عامہ میں تقریباً $4 بلین کی بے مثال سرمایہ کاری کی ہے تاکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور جرائم سے براہِ راست نمٹنے کی اُن کی کوششوں کی معاونت کی جا سکے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہماری ہر ڈالر کی سرمایہ کاری اور ہر شراکت داری نیو یارک کو زیادہ محفوظ بنانے کی ہماری کوششوں کو تقویت دیتی ہے۔ میں پولیس کمشنر Tisch (ٹِش) اور قانون نافذ کرنے والے ان بہادر مرد و خواتین کی شکر گزار ہوں جو اس کام میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ جرائم میں کمی لانے کے لیے ان کی مسلسل لگن ہماری کمیونٹیز کے لیے حقیقی اور قابلِ پیمائش نتائج پیدا کر رہی ہے۔"

NYPD کا ہاؤسنگ بیورو شہر کی پبلک ہاؤسنگ ڈیولپمنٹس کے تقریباً نصف ملین رہائشیوں، ملازمین اور آنے جانے والوں کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔ رہائشی گشت کرنے والی ٹیموں، کمیونٹی گروپس اور ڈیولپمنٹ مینیجرز کے ساتھ قریبی رابطے میں کام کرتے ہوئے، یہ بیورو جرائم میں مؤثر کمی لانے اور نیو یارک سٹی کی پبلک ہاؤسنگ ڈیولپمنٹس کے اندر اور اطراف میں معیارِ زندگی بہتر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) اور NYPD کی کمشنر Tisch (ٹِش) نے آج پولیس سروس ایریا (Police Service Area, PSA) 2 کا دورہ کیا، جو بروکلین نارتھ میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ PSA 2 حلقہ نمبر 73، 75 اور 77 میں

واقع 42 رہائشی ترقیاتی منصوبوں میں گشت کرتا ہے اور اس سال اب تک بروکلین میں جرائم میں نمایاں ترین کمی حاصل کر چکا ہے۔ اس سروس ایریا میں، گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں فائرنگ کے واقعات میں 40 فیصد اور فائرنگ سے متاثرہ افراد کی تعداد میں 45.5 فیصد کمی آئی ہے۔

پورے نیو یارک سٹی میں، اس سال جنوری سے جولائی کے درمیان پبلک ہاؤسنگ میں بڑے جرائم میں 6.3 فیصد کمی ہوئی (3,174 بمقابلہ 3,387)، جبکہ قتل میں 45 فیصد (11 بمقابلہ 20)، فائرنگ کے واقعات میں 33.3 فیصد (54 بمقابلہ 81)، فائرنگ سے متاثرہ افراد کی تعداد میں 35.2 فیصد (59 بمقابلہ 91)، اور ڈکیتیوں میں 19.3 فیصد (419 بمقابلہ 519) کمی ہوئی ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی قانون نافذ کرنے والے اداروں میں مسلسل سرمایہ کاری کے باعث NYPD ٹرانزٹ کے بہتر تحفظ کے لیے اضافی ڈیوٹی (Enhanced Transit Safety Overtime) کے ضمن میں روزانہ تقریباً 5,000 گھنٹے برقرار رکھ سکتا ہے، جبکہ موبائل پولیس دستوں کی مسلسل تعیناتی اور ٹرینوں اور پلیٹ فارمز پر اضافی وسائل کی فراہمی میں بھی اُسے مدد ملتی ہے۔

گزشتہ ہفتے، گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے شہریوں کو تحفظ عامہ کے سلسلے میں اپنی اُن ریکارڈ سرمایہ کاریوں کے بارے میں آگاہ کیا تھا، جن کے نتیجے میں بطور گورنر ان کے پورے دورِ اقتدار کے دوران جرائم اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں نمایاں کمی آئی ہے۔ تاحال، گورنر نے تحفظ عامہ کے اقدامات، جن میں بندوقوں کے پُرتشدد استعمال کا تدارک، سب وے کا تحفظ، نفرت پر مبنی جرائم کا تدارک اور بارڈر سیکیورٹی شامل ہیں، کے لیے تقریباً 4$ بلین کی سرمایہ کاری کی ہے، جبکہ لانگ آئی لینڈ سے لے کر بفلو تک مقامی اور ریاستی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تاریخی معاونت فراہم کی ہے۔

نتیجتاً، ریاست نیو یارک میں انڈیکس جرائم میں 10 فیصد کمی آئی ہے، جرائم کی تمام سات اقسام میں بھی کمی ہوئی ہے، جبکہ گورنر کے منصب پر فائز ہونے کے پہلے مکمل سال سے اب تک فائرنگ کے واقعات میں ہونے والی اموات میں 60 فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔